# Home Economics - 10th Class Home Economics Urdu Medium Chapter 3 Preparation

Q1. ڈیزائن و سٹائل سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** ڈیزائن سٹائل سے مراد یہ ہے کہ لباس میں گلا'بازو اور اگلا پچھلا حصہ وغیرہ کس سٹائل کا ہونا چاہیے. ہمیشہ پورے بازو کی آستین ' مناسب اونچائی کے گے اور مناسب فٹنگ کے کپڑے پہننے چاہیں. کیونکہ اس سے بہتر کوئی اور چیز نہیں .

Q2. بچوں کے ملبوسات میں کن باتوں کو مدنظر رکھنا بہت ضروری ہے؟

**Ans 1:** زندگی کے ابتدائی سالوں میں بچوں کی نشونما تیزی سے ہوتی ہے. ان کے جسمانی اعضاء مضبوط ہوتے ہیں اور قدوقامت بڑھتا ہے جس کی وجہ سے ان کے کپڑے دنوں اور ہفتوں میں چھوتے ہونے لگتے ہیں.اس لیے بچے کا لباس تیار کرتے وقت بچے کی عمر بڑھنے کی رفتار اور ان کے مشاغل کو مدنظر رکھنا بہت ضروری ہے.

Q3. اگر قمیض کی چورائی تنگ ہو تو کیا کرنا چاہیے.

**Ans 1:** اگر قمیض کی چورائی تنگ ہو تو اس کے اندر مختلف انداز میں پٹیاں ڈال کر اس کی چوڑائی بڑھائی جاسکتی ہے. اس سے گھیردار فراک تیار ہوسکتا ہے. ان پٹیوں‌پر آپ کڑھائی بھی کرسکتی ہیں اور لیس بھی لگا سکتی ہیں . کرتے کی چوڑائی بڑھانے کےلیے کلیوں کا اضافہ کیا جاسکتا ہے.

Q4. لباس کو بجٹ میں کتنی اہمیت حاصل ہے.

**Ans 1:** لباس خاندان کے بجٹ میں دوہری اہمیت کا حامل ہے. جہاں یہ ایک بنیادی ضرورت ہے وہاں اس کا شمار آسائش میں بھی ہوتا ہے. اس لیے یہ گھریلو وسائل پر کافی حد تک اثر انداز ہوتا ہے.

Q5. شیر خوار بچوں کے لیے لباس کس ساخت کا ہونا چاہیے؟

**Ans 1:** شیر خوار بچوں کےلیے لباس نرم وملائم، آرام دہ،ڈھیلا ڈھالا اور صاف ستھرا ہونا چاہیے.شیر خوار بچوں کے لیے سوتی ریشے سے بنے ہوئے کپڑے مناسب رہتے ہیں. کیونکہ سوتی کپڑوں کو دھونا آسان ہوتا ہے اور انکو باآسانی جراثیم سے پاک کیا جاسکتا ہے.

Q6. گیارہ سے سولہ سال کی عمر کے بچوں کا لباس کیسا ہونا چاہیے.

**Ans 1:** گیارہ سال سے سولہ سال کی عمر کے بچوں کے ملبوسات اس عمر کے بچوں میں پسند اور ناپسند کا جزبہ پیدا ہوجاتا ہے اور بچے جہاں یہ محسوس کرتے ہیں کہ یہ عمدہ لباس ہے وہاں وہ یہ بھی محسوس کرلیتے ہیں انکے دوست احباب ان کے بارے میں‌کیا رائے رکھتے ہیں وہ اپنے ہم عمر بچوں سے بہت متاثر ہوتے ہیں.اور یہ چاہتے ہیں کہ انکا لباس بھی انکے ساتھیوں جیسا ہو.

Q7. لباس کی موزونیت کتنے عوامل پر منحصر ہے؟نام لکھیں.

**Ans 1:** 1.عمروجنس 2. پیشے اور سرگرمیاں 3.آمدنی 4.مزہبی اقدار 5.موسم اور موقع محل 6.شخصیت 7.رسم و رواج.

Q8. نازک اندام شخصیت کے بارے میں مختصر لکھیں.

**Ans 1:** نازم اندام شخصیت کے مالک لوگ دیکھنے میں انتہائی نرم و نازک اور نسوانیت سے بھر پور تاثر دیتے ہیں.ان کے خیالات بھی نازک ہوتے ہیں وہ زندگی میں نفاست اور نزاکت کو کو اہمیت دیتے ہیں.ان کے لیے باریک اور نرم کپڑے مناسب رہتے ہیں. جس کی تراش خراش اور آرائش نہایت نفاست سے کی گئی ہو ہلکے اور چھوٹے پرنٹ انکی شخصیت کو نمایاں کرتے ہیں.

---

Q9. شیر خوار بچوں کے لباس کی گنجائش کے بارے میں لکھیں.

**Ans 1:** شیر خوار بچوں کے لباس کی گنجائش ایسی ہو کہ پہنانے اور اتارنے میں آسانی ہو. لباس اس قدر کھلا ہو کہ بچے کے بازو باآسانی گزسکیں . لباس کھلا اور ڈھیالا ڈھالا ہو. جو جسمانی حرکات و سکنات کا باعث نہ ہو.

---

Q10. درمیانی عمر کونسی عمر کہلاتی ہے؟دو خصوصیات لکھیں.

**Ans 1:** درمیانی عمر پینتیس سال سے پچاس سال کی عمر دور ہے. اس عمر کی دو خصوصیات درج ذیل ہیں. عمر کی اس حد پر پہنچ کر انسان کسی نہ کسی مقام پر پہنچ چکا ہوتا ہے.مثلاً ماں یا بیوی وغیرہ . عمر کے اس دور میں سماجی ضروریات کافی ہوتی ہیں. مثلاً تیمارداری ، خریداری،میلاد ، وغیرہ

---